© rasailojaraid.com

# وفیات

## شیخ احسان محلّہ مستریاں کو صدمہ

مورخہ 12 دسمبر بروز جمعرات شیخ احسان کی ہمشیرہ محترمہ وفات پا گئیں۔ انا للہ و انا الیہ راجعون. مرحومہ نیک اور پرہیز گار خاتون تھیں، مرحومہ کی نماز جنازہ رئیس الجامعہ نے پڑھائی۔

## شیخ سلطان محمود اور شیخ سیف ادریس کو صدمہ

مورخہ 13 دسمبر بروز جمعہ شیخ سلطان محمود کے بھائی اور شیخ سیف ادریس کے برادران لاء شیخ طارق محمود وفات پا گئے۔ انا للہ و انا الیہ راجعون. مرحوم صوم وصلوۃ کے پابند اور نیک انسان تھے۔ نماز جنازہ شیخ الحدیث مولانا محمد اکرم جمیل نے پڑھائی۔

## جناب عزیز الرحمٰن (شارجہ) و محمد بوٹا کو صدمہ

مورخہ 5 جنوری بروز اتوار جناب عزیز الرحمٰن بانی جامع مسجد العزیز اہل حدیث شمالی محلّہ کی ہمشیرہ محترمہ اور چوہدری محمد بوٹا کی اہلیہ محترمہ ہارٹ اٹیک سے وفات پا گئیں۔ انا للہ و انا الیہ راجعون. مرحومہ صوم وصلوۃ کی پابند اور نیک خاتون تھیں۔ نماز جنازہ کے بعد حافظ عبدالغفور صاحب کے ہمراہ جامعہ کے اساتذہ نے عزیز الرحمٰن صاحب اور ان کے دیگر لواحقین سے اظہار تعزیت کیا۔

## محمد سعید ولد مہدی خان بسم اللہ الیکٹرک سٹور جہلم کو صدمہ

مورخہ 23 جنوری بروز جمعرات محمد سعید ولد مہدی خان کی اہلیہ محلّہ خواجگان میں وفات پا گئیں۔ انا للہ و انا الیہ راجعون. مرحومہ صوم وصلوۃ کی پابند اور نیک خاتون تھیں۔ زندگی بھر جمعہ کی نماز اور رمضان المبارک میں نماز تراویح مرکزی جامع مسجد چوک اہل حدیث میں اول وقت میں پہنچ کر ادا کرتی تھیں۔ مرحومہ کی نماز جنازہ مولانا محمد اصغر نے پڑھائی۔

## راجہ ابراہیم و راجہ تیمور (گوجر خان) کو صدمہ

مورخہ 26 جنوری بروز اتوار راجہ ابراہیم و راجہ تیمور جنرل سیکرٹری اہل حدیث یوتھ فورس گوجر خان کی والدہ محترمہ وفات پا گئیں۔ انا للہ و انا الیہ راجعون. مرحومہ صوم وصلوۃ کی پابند اور توحید پرست خاتون تھیں۔ نماز جنازہ مولانا قطب شاہ نے گوجر خان میں پڑھائی۔

## چوہدری طارق محمود، چوہدری خلیل، چوہدری ساجد اور صغیر احمد (حاجی آئمہ) کو صدمہ

مورخہ 27 جنوری بروز سوموار چوہدری طارق محمود، چوہدری خلیل اور چوہدری ساجد کی والدہ، صغیر



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

احمد کی ساس محترمہ اور ابراہیم و اسماعیل کی نانی محترمہ وفات پاگئیں۔ انا للّٰہ و انا الیہ راجعون. مرحومہ صوم و صلوۃ کی پابند اور پارسا خاتون تھیں۔ نماز جنازہ مولانا قطب شاہ نے پڑھائی۔

## حاجی سلطان محمود، محمد غیاث و محمد الیاس ( دینہ ) کو صدمہ

مورخہ 3 فروری بروز سوموار حاجی سلطان محمود کے بہنوئی، محمد غیاث و محمد الیاس کے والد محترم امیر عالم وفات پاگئے۔ انا للّٰہ و انا الیہ راجعون. مرحوم نیک اور ملنسار انسان تھے۔

## شفقت محمود، شوکت محمود اور زاہد محمود کو صدمہ

مورخہ 6 فروری بروز جمعرات حاجی محمد حنیف مرحوم کی اہلیہ اور شفقت محمود، شوکت محمود اور زاہد محمود کی والدہ محترمہ وفات پاگئیں۔ انا للّٰہ و انا الیہ راجعون. مرحومہ صوم و صلوۃ کی پابند اور پرہیز گار خاتون تھیں۔ نماز جنازہ رئیس الجامعہ نے پڑھائی۔

## محمد علی فیصل، محمد عبدالصمد فاروق، محمد عبداللہ جابر، محمد علی سفیان، محمد علی مجاہد (لاہور) کو صدمہ

**عبدالرشید قمر خطاط کے بیٹوں کی والدہ محترمہ وفات پاگئیں** انا للّٰہ و انا الیہ راجعون

مورخہ 9 فروری بروز اتوار محمد علی فیصل، محمد عبدالصمد فاروق، محمد عبداللہ جابر، محمد علی سفیان، محمد علی مجاہد کی والدہ محترمہ وفات پاگئیں۔ انا للّٰہ و انا الیہ راجعون. مرحومہ نیک اور عبادت گزار خاتون تھیں۔ رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر نے مرحومہ کی نماز جنازہ میں شرکت کی۔

## محمد عاصم، زبیر نظامی، کبیر احمد و مولانا خرم شہزاد کو صدمہ

مورخہ 11 فروری بروز منگل محمد عاصم کے والد، زبیر نظامی و کبیر احمد کے بڑے بھائی اور مولانا خرم شہزاد کے تایا جان باؤ محمد سلیمان طویل علالت کے بعد وفات پاگئے۔ انا للّٰہ و انا الیہ راجعون. مرحوم جامع مسجد بلال اہل حدیث کے مستقل نمازی اور ماہنامہ ''حرمین'' کے سابق مینجر تھے۔ مرحوم انتہائی نیک، بااخلاق اور ملنسار انسان تھے۔ نماز جنازہ رئیس الجامعہ نے پڑھائی۔

ادارہ ''حرمین'' و جامعہ علوم اثریہ اور مرکزی جمعیت اہل حدیث جہلم مذکورہ بالا مرحومین کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ اللہ تعالیٰ مرحومین کی لغزشوں، کوتاہیوں اور گناہوں کو معاف فرمائے اور انہیں جنت الفردوس میں بلند مقام عطا فرمائے اور ورثاء کو صبر جمیل کی توفیق عطا فرمائے۔ (آمین)



© rasailojaraid.com